اُردو (لازمی)	انٹر (پارٹ-II)	پرچہ II: (معروضی طرز)
وقت: 20 منٹ	2019ء (پہلا گروپ)	کل نمبر: 20

نوٹ: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیے گئے دائروں میں سے دُرست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجیے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

دیے گئے سوالات کے جوابات میں سے درست جواب منتخب کیجیے:

1-1- فقیر کی دعا سے بلقیس جہانی بیگم کے ہاں کتنے بچے پیدا ہوئے؟

(a) 2 (b) 3

(c) 4 ✓ (d) 5

-2 محمد بن قاسم کی والدہ کا کیا نام تھا؟

(a) فہمیدہ (b) زبیدہ ✓

(c) ناہیدہ (d) زاہدہ

-3 سپر مارکیٹ کتنے بازاروں کا مہا گرو ہے؟

(a) 10 ✓ (b) 15

(c) 20 (d) 25

-4 چراغ حسن حسرت نے کلکتہ چھوڑنے کے بعد کس شہر میں ملازمت کی؟

(a) لاہور ✓ (b) کراچی

(c) دہلی (d) لکھنؤ

-5 سبق "قرطبہ کا قاضی" کے مصنف کون ہیں؟

(a) آغا حشر (b) میرزا ادیب

(c) امتیاز علی تاج ✓ (d) اشفاق احمد

مطابقت اور حروف کے صحیح استعمال کو مدِّنظر رکھتے ہوئے درست جواب منتخب کیجیے:

6- تم نے کپڑے استری کر لیے ۔۔۔۔ نہیں:

(a) کہ ✓ (b) پھر
(c) ورنہ (d) مگر

7- وہ ضرور آئے گا ۔۔۔۔ مجھے اس نے خود بتایا ہے:

(a) جبکہ (b) کیوں کہ ✓
(c) خواہ (d) ورنہ

8- معروف کتاب "پطرس کے مضامین" بہت دلچسپ ۔۔۔۔:

(a) ہے ✓ (b) ہیں
(c) تھے (d) تھیں

9- ماں اور بیٹی چرخہ کات ۔۔۔۔:

(a) رہی ہے (b) رہی ہیں ✓
(c) رہے ہیں (d) رہا ہے

10- آپ یہاں تشریف ۔۔۔۔:

(a) رکھو (b) رکھ
(c) رکھا (d) رکھیں ✓

رموزِ اوقاف کے اُصولوں کو مدِّنظر رکھتے ہوئے جواب منتخب کیجیے:

11- کوئی تفصیل دینے کے لیے علامت لگاتے ہیں:

(a) ختمہ (b) تفصیلیہ ✓
(c) رابطہ (d) واوین

12- واوین کی علامت ہے:

(a) ؛ (b) " " ✓
(c) ( ) (d) ۔۔۔۔۔

13- کسی جملے میں وقفہ سے زیادہ ٹھہراؤ کے لیے کون سی علامت لگاتے ہیں؟

(a) سکتہ (b) رابطہ ✓
(c) فجائیہ (d) واوین

14- ؛ کس کی علامت ہے؟

(a) سکتہ (b) وقفہ ✓

(c) رابطہ (d) علامتِ حذف

15- کسی کا قول ہو بہو تحریر کرنا ہو تو قول کے شروع اور آخر میں کون سی علامت لگاتے ہیں؟

(a) قوسین (b) ندائیہ

(c) واوین ✓ (d) وقفہ

امدادی افعال کے اصولوں کو مدِ نظر رکھتے ہوئے درست جواب منتخب کیجیے:

16- پانا:

(a) ایک پاؤ دہی لاؤ۔ (b) کچھ پانے کے لیے کچھ کھونا پڑتا ہے۔

(c) اس نے اپنی منزل پالی۔ ✓ (d) وہ وقت پر نہ پہنچ پایا۔

17- رکھنا:

(a) کھیل میں کیا رکھا ہے۔ (b) مجھے فضول کیوں بٹھا رکھا ہے۔ ✓

(c) قلم کہاں رکھا ہے؟ (d) چیزیں نیچے رکھ دو۔

18- چاہنا:

(a) میں پاکستان کو چاہتا ہوں۔ (b) بڑوں کا ادب کرنا چاہیے۔ ✓

(c) میرے چاہنے سے کیا ہوتا ہے۔ (d) چاہنا' نہ چاہنا' کس کے بس میں ہے۔

19- لگنا:

(a) بچے کو نیند آنے لگی۔ ✓ (b) نفیس کو گرمی لگی۔

(c) اسے ٹھوکر لگی۔ (d) اس کی آنکھ لگی۔

20- نکلنا:

(a) فریدہ جھوٹی نکلی۔ (b) بات چل نکلی۔

(c) وہ دور نکل گئی۔ ✓ (d) خواب سچا نکلا۔